CADET COLLEGE PETARO

CLASS O-I

Syllabus Outline for URDU Paper

بنیادی زبان کی مہارت

i. ذخیرہ الفاظ:

- تعلیمی مضامین، موجودہ واقعات، اور ثقافتی موضوعات سے متعلق ذخیرہ الفاظ کا فہم۔
- اسم صوت، متضاد الفاظ، مترادف، واحد جمع، تذکیر و تانیث اور ذو معنی الفاظ سے واقفیت
- انگریزی سے اردو اور اردو سے انگریزی الفاظ کا ترجمہ
- لکھنے میں مؤثر طریقے سے الفاظ کا استعمال اور ربط قائم کرنا۔
- تفصیلی مضامین، رپورٹس، تفہیم نگاری، ترجمہ نویسی اور تخلیقی ٹکڑوں کو لکھنا۔

ii. قواعد:

- رموزِ اوقاف اور املا کا مؤثر استعمال۔
- گرامر ڈھانچے (اسم اور اسم کی اقسام، مرکب جملے اور جملے کی ساخت میں تبدیلی وغیرہ)
- خالی جگہ پُر کرنا اور درست عبارت سے جملے ملانا۔
- تفہیم نگاری اور تلخیص نگاری۔
- ذاتی تحریری انداز تیار کرنا اور واضح انداز میں اپنا موقف بیان کر سکتا ہو۔
- مختصر عبارت تحریر کرنے کے قابل ہو۔

CADET COLLEGE PETARO

CLASS O-I

MODEL TEST PAPER

URDU

Time: 1 Hour	**Max. Marks: 100**

ذخیرہ الفاظ

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ کے اسمائے صوت تحریر کیجیے۔

	الفاظ	اسمائے صوت
.i	چڑیا	
.ii	کوئل	
.iii	انجن	
.iv	ہوا	
.v	بارش	

سوال نمبر2: دیے گئے تابع موضوع اور تابع مہمل کی نشاندہی کیجیے

دیکھ بھال، گُم سُم، گول مول، چائے شائے، رونا دھونا، روٹی ووٹی

	تابع موضوع	تابع مہمل
.i		
.ii	دیکھ بھال	
.iii		گم سُم
.iv		چائے شائے
.v	گول مول	

سوال نمبر3: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں۔ خالی جگہوں کو پر کرنے کے لیے اگلے صفحے پر کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔

نمبر6 سے 15 تک کے لیے ہر صحیح لفظ کے سامنے (درست) کا نشان لگائیں۔

ہماری کائنات میں (مثال) آنے والی کہکشاں جیسی لاکھوں کہکشائیں اور بھی ہیں، اور یہ سب کہکشائیں بھی اپنے---6---کے گرد چکر کاٹ رہی ہیں۔ پرانے---7---کے لوگ کہکشاں کے بارے میں بڑے عجیب خیالات رکھتے تھے۔ان کے نزدیک---- 8------تصویروں کی ایک کتاب تھا۔ انہوں نے ستاروں کے---9---جھرمٹوں کے نام رکھے ہوئے تھے---10---کے ایک جھرمٹ کا نام اُنہوں نے "بڑا ریچھ" رکھا ہوا تھا کیونکہ اس کی---11---ریچھ سے ملتی جلتی ہے۔ایک جھرمٹ سات روشن ستاروں کا ہے جو قطبی ستارے کے گرد پھرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ قطبی ستارے کے---12---ہی روشن ستاروں کا ایک اور جھرمٹ ہے۔ستاروں کے ان تمام جھرمٹوں کو ان کی---13۔کے لیے مختلف نام دیے گئے تھے۔ مثلاً ایک جھرمٹ کا نام بیل تھا---14---اس کے ستارے مل کر بیل کی شکل بناتے ہیں۔ثریا ستاروں کا سب سے---15---جھرمٹ گنا جاتا ہے۔

مثال : نظر | دکھائی | خیال | دیکھا

6	وقت	گھر	مرکز	پہاڑ
7	صدی	زمانے	اوقات	شہر
8	شکر	زمین	ہوا	آسمان
9	مختلف	گروہوں	فراغت	شامل
10	پانی	ستارے	فالتو	شامل
11	عادت	تصور	فرصت	شکل
12	قریب	دوری	فاصلہ	قربت
13	شناختی	صورت	پہچان	شریک
14	اس لیے	شاید	کیونکہ	ضروری
15	عجائب	دوری	پرانی	مشہور

سوال نمبر: 4: **درج ذیل جملوں کو مناسب الفاظ سے اس طرح تبدیل کیجیے کہ اس کا مفہوم تبدیل نہ ہو۔**

مثال: میں نے یہ فلم پہلے کبھی نہیں دیکھی

میں پہلی بار یہ فلم دیکھ رہا ہوں

1۔ ہمارے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔

ہمارے کھلاڑیوں نے ----------

2۔ جھوٹ بولنے سے انسان کے وقار میں کمی آتی ہے۔

جھوٹے انسان کی ----------کم ہو جاتی ہے

3۔ کھیل ہمیں ذہنی و جسمانی طور پر مضبوط بناتے ہیں۔

کھیلوں سے ہمیں------ ----------

4۔ نماز سے انسان برائیوں سے بچا رہتا ہے۔

نماز انسان کو تمام برائیوں سے ----------دلاتی ہے۔

5۔ ہمارے شہر کی آبادی جدید سہولتوں سے محروم ہے۔

ہمارے شہر میں جدید سہولیات ----------

سوال نمبر5: مضمون نویسی

مضمون نویسی موضوع " موجودہ دور میں مطالعے کا فقدان "
اسکول کی طرف سے مقابلہ رکھا گیا ہے تمام طلبہ کو اس مقابلے میں شامل ہونے کی دعوت دی گئی ہے۔ مقابلے میں اول آنے پر انعام میں آئی پیڈ دیا جائے گا۔

- اپنے اس موضوع پر مضمون لکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔
- اپنے مضمون میں درج ذیل باتیں شامل کریں۔

اس تیز رفتار میں زمانے میں فرصت میسر نہیں	معیاری کتب خانوں اور سہولت کی کمی

سوال نمبر:6: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو سکے اپنے الفاظ میں لکھیں۔

سائنس وہ علم ہے جو مشاہدات، تجربات، تجزیات اور نتائج کی مدد سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ علم کی ایک منظم شکل ہے۔ آٹھویں سے تیرھویں صدی عیسوی تک کا زمانہ مسلم علم و دانش کا زمانہ کہلاتا ہے۔ اس زمانے میں مسلم مفکرین، علما اور سائنسدانوں نے مختلف علوم، مثال کے طور پر طب، فلسفہ، ریاضی، اور فلکیات وغیرہ میں نئی نئی ایجادات اور دریافتیں کیں۔

ان مسلم سائنسدانوں میں ایک جابر بن حیان (721-815) تھے۔ اُنھوں نے تین طاقتور تیزاب، یعنی گندھک، شورے اور نمک کے تیزاب ایجاد کیے۔ دنیا بھر میں اُنھیں بابائے کیمیاء کے نام سے جانا جاتا ہے۔

محمد الخوارزمی (780ء - 850) بھی عظیم مسلمان سائنسدان، ریاضی دان، ماہر طبیعات اور ماہر فلکیات تھے۔ اُنھوں نے گنتی میں اعشاریہ نظام، الجبرا، جیومیٹری اور زاویوں کی پیمائش کے طریقوں کے حوالے سے گرانقدر کام کیا اور نئے اُصول متعارف کروائے۔ الجبرا پر اُن کی کتاب "الجبر او المقابلہ" کا کئی زبانوں میں ترجمہ ہوا۔

یعقوب بن اسحاق الکندی (801ء-873ء) ایک عربی فلسفی تھے جنھوں نے ریاضی، طب اور فلکیات پر کام کیا۔ اُنھوں نے مختلف موضوعات پر دو سو سے زائد کتابیں لکھیں۔ اس کے علاوہ اُنھوں نے روشنی پر کام کیا اور اس بات کی وضاحت کی کہ آسمان نیلا کیوں نظر آتا ہے۔

ابو علی الحسن ابن الہیثم (965ء- 1040ء) نے اجسام کو شفاف، نیم شفاف اور غیر شفاف میں تقسیم کیا۔ اُنھوں نے اپنی تصنیف "کتاب المناظر" میں شبیہ بننے کے عمل کو بڑی وضاحت کے ساتھ پیش کیا۔ اس زمانے میں عرب دنیا میں ابن الہیثم کا چرچا تھا تو فارس میں بو علی سینا (980ء-1040ء) کا طوطی بول رہا تھا۔ ابن سینا ایک ممتاز طبیب اور فلسفی تھے۔ طب پر لکھی گئی اُن کی کئی کتابیں طویل عرصے تک جامعات کی سطح پر پڑھائی جاتی رہیں۔ اُنھوں نے اپنی کتابوں "القانون" اور "الشفاء" میں بہت سے امراض کا نہایت معتبر علاج پیش کیا ہے۔

i. سائنس کسے کہتے ہیں؟

_____

_____

_____

ii. مسلم علم و دانش کے زمانے سے کیا مراد ہے؟

_____

_____

_____

iii. جابر بن حیان کی مشہور ایجاد کیا ہے اور انھیں دنیا بھر میں کس نام جانا جاتا ہے؟

_____

_____

_____

iv. محمد بن موسیٰ الخوارزمی کی کیا خدمات ہیں؟

v. یعقوب بن اسحاق الکندی نے کن موضوعات پر کام کیا؟

vi. بو علی سینا نے کون سے موضوعات پر کتابیں لکھیں؟